مارا گيا بھائي رن ميں زينب جائے کھاں
گھربار لٹا ھے بن ميں زينب جائے کھاں

اے بھائي مدينة جاکے نانا کو ميں کيا بتلاؤں
پوشاك تمھاري دوں يا دروں کے نشاں دکھلاوں
پوچھينگے لوگ وطن ميں زينب جائے کھاں

شبير نے سر کٹوايا عباس نھر پر سوئے
همراه جسے لائي تھي وه سارے بہادر کھوئے
اك پھول بچا ھے چمن ميں زينب جائے کھاں

اصغر کا کسي کو صدمة اکبر کا کسي کو غم تھا
قاسم کو کوئي روتي تھي دولہے کا کھيں ماتم تھا
کھرام تھا مردو زن ميں زينب جائے کھاں

لٹتي تھي کھي په چادر جھولا تھا کھي په خالي
جلتي تھي کھي په مسند لاشو کي کھي پامالي
کوئي لاش نھيں تھي کفن ميں زينب جائے کھاں

اماں کو سناؤگي ميں ان آنکھو نے ديکھا منظر
تھا لال تمھارا تنھا اور چلتے تھے تيغ و خنجر
لاکھو تھے تير بدن ميں زينب جائے کھاں

دیتا تھا صدائیں اس دم گودي میں سلاؤ اماں
ھمت کو برھاؤ میري امدا د کو آؤ اماں
اب آخري سانس ھے تن میں زینب جائے کھاں

سجدے مے جھکي پیشاني اورآئي دعاء ھونٹو پر
سرتن سے جدا ھوتا تھا چلتا تھا لعیں کا خنجر
تھے سورج چاند گھن میں زینب جائے کھاں

گھوڑو سے کچل کر تیرا کیا حال کیا اے بھائي
سوتے رھے تم ریتي پر اورنہ میں کفن دے پائي
جلتا رھا لاشہ رن میں زینب جائے کھاں

یہ ذکر سنا کر جب بھي برھان ھدی روتے ھے
دھرتي پہ حسامي اس دم املاک جمع ھوتے ھے
اٹھتا ھے شور گگن میں زینب جائے کھاں